9161

دستخط ومہر سپرنٹنڈنٹ ....

اردو لازمی (نئی کتاب) - نہم

رول نمبر ....

نوٹ: اس پرچہ کی تین سیکشنز ہیں۔ احتیاط سے پڑھ کر دی گئی ہدایات کے مطابق حل کریں۔ سیکشن-الف کے تمام سوالات حل کریں۔ اور مقررہ وقت میں سپرنٹنڈنٹ کے حوالے کر دیں چاہے آپ نے کوئی بھی سوال حل نہ کیا ہو۔ درست جواب کا انتخاب کر کے جوابی خانہ میں حرف الف، ب، ج یا د جو بھی موزوں ہو لکھیں۔ کاٹے گئے، مٹائے گئے یا دوبارہ لکھے گئے سوالات کے نمبر نہیں ملیں گے۔

سیکشن--الف

وقت: 20 منٹ — نمبر: 15

1. ایک شخص نے آ کر شکایت کی کہ میرے بھائی کے شکم میں گرانی ہے حضور ﷺ نے فرمایا .... پلاؤ۔ (الف) پانی، (ب) دودھ، (ج) شربت، (د) شہد .... [د]

2. "اسبابِ بغاوتِ ہند" کے مصنف کون ہیں؟ (الف) کرنل محمد خان، (ب) مرزا ادیب، (ج) سرسید احمد خان، (د) علامہ اقبال .... [ج]

3. 1857 کے ہنگامے میں مولوی نذیر احمد نے ایک انگریز .... کی جان بچائی۔ (الف) افسر، (ب) خاتون، (ج) بچے، (د) فوجی .... [ب]

4. آنکھ کا بند ہونا تھا کہ نصوح ایک .... میں تھا۔ (الف) دوسری دنیا، (ب) دوسرے شہر، (ج) بڑے جنگل، (د) خواب .... [الف]

5. منشی پریم چند کا پہلا قلمی نام کیا تھا؟ (الف) نواب رائے، (ب) چندر رائے، (ج) دھنپت رائے، (د) عجائب لال .... [الف]

6. درسی کتاب میں سبق "غلام" کس کی تحریر ہے؟ (الف) پریم چند، (ب) فرحت اللہ بیگ، (ج) کرنل محمد خان، (د) امتیاز علی تاج .... [ب]

7. وہ .... تو چلا گیا مگر اب کبھی کبھی آپ کا ضمیر دروازے پر دستک دیتا رہتا ہے۔ (الف) شخص، (ب) محتاج، (ج) بوڑھا، (د) بیمار .... [ج]

8. صاحبِ خانہ کی ایک لڑکی میرے ہی برابر تھی۔ یقین مانیے ہر وقت اس کا منہ .... (الف) بند رہتا، (ب) بنا رہتا، (ج) چلتا تھا، (د) سوجھا رہتا .... [ج]

9. .... آنکھیں بند کیے چار پائی پر پڑا تھا اور شاکرہ اس کے سینے پر مالش کر رہی تھی۔ (الف) نصیر، (ب) صابر حسین، (ج) لقمان، (د) نصوح .... [الف]

10. مرزا ادیب کا اصل نام کیا تھا؟ (الف) ولی محمد، (ب) دلاور علی، (ج) ممتاز احمد، (د) مولوی باقر علی .... [ب]

11. "جاوید نامہ" کس کی تصنیف ہے؟ (الف) علامہ اقبال، (ب) الطاف حسین حالی، (ج) کرنل محمد خان، (د) خواجہ حیدر علی آتش .... [الف]

12. امتیاز علی تاج کہاں دفن ہیں؟ (الف) کراچی، (ب) لاہور، (ج) حیدر آباد، (د) فیصل آباد .... [ب]

13. جس نظم میں کسی کی موت پر غم کا اظہار کیا جاتا ہے اسے کیا کہتے ہیں؟ (الف) منقبت، (ب) مرثیہ، (ج) قصیدہ، (د) مناجات .... [ب]

14. جس نظم کے ہر بند میں پانچ مصرعے ہوں اسے کیا کہا جاتا ہے؟ (الف) مثلث، (ب) مربع، (ج) مخمس، (د) مسدس .... [ج]

15. نظیر اکبر آبادی کو .... شاعر کہا جاتا ہے؟ (الف) درباری، (ب) فطری، (ج) عوامی، (د) رومانوی .... [ج]

eduvision.edu.pk

1-97
9161

اردو لازمی (نئی کتاب) - نہم

وقت: 2 گھنٹے 40 منٹ

سیکشن - ب

نمبر: 36

1. مندرجہ ذیل میں سے صرف نو اجزا حل کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر برابر ہیں۔

i. انسان کے کن امور کا تعلق اپنے جیسے انسانوں سے ہے؟

ii. علامہ مقری نے تاریخ اندلس میں سائلوں کے بارے میں کیا لکھا ہے؟

iii. جملے بنائیں۔ رنج والم، وہم، افسردگی، بسورنا

iv. ذومعنی الفاظ سے کیا مراد ہے؟ کوئی سے چار ذومعنی الفاظ اور ان کے معنی لکھیں۔

v. غلام کھانے کو گھورتا، تو اس کا اسے کیا فائدہ ملتا تھا؟

vi. ماسٹر صاحب نے بچوں سے کیا کیا سوال پوچھے اور بچوں نے کیا جواب دیے؟

vii. مترادف لکھیں۔ تمہید، یورش، عارضہ، تلوار

viii. کیچڑ میں پھسلنے کی کیفیت اپنے الفاظ میں بیان کریں۔

ix. پیر مرد کا واقعہ بیان کریں۔

x. ہمسائے کی سزا سے رہائی کیسے ممکن ہوئی؟

xi. حضرت امام حسینؓ کے متعلق حضور ﷺ کے فرمان نقل کریں۔

xii. جملہ فعلیہ اور جملہ اسمیہ کی تعریف کریں اور ایک ایک مثال بھی دیں۔

سیکشن - ج

نمبر: 24

2. متن اور سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجئے۔

الف) اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجک، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا، وہ چین کا باشندہ ہے یا ماچین کا، وہ پنجاب میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں؛ وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا، بلکہ جس کسی نے کلمۂ توحید کو مستحکم کیا، وہ ایک قوم ہو گیا، کیونکہ خدا نے خود فرمایا ہے: ''بے شک، تمام مومن آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ اپنے بھائیوں کے مابین مصالحت کراؤ اور اللہ سے ڈرو، تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔''

ب) رات جوں توں کر کے کٹی۔ صبح کو وہ مکان میں جھاڑو دے رہی تھی۔ یکا یک تازے حلوے کی صدا سن کر بے اختیار باہر نکل آئی۔ معاً یاد آ گیا کہ آج حلوہ کون کھائے گا؟ عباسی کی روح تڑپ اٹھی؛ وہ بے قراری کے عالم میں گھر سے نکلی کہ چلوں نصیر کو دیکھ آؤں، پر آدھے رستے سے لوٹ گئی۔

3. نظم اور شاعر کا حوالہ دے کر کسی ایک جز کی تشریح کریں۔

الف) تری فطرت امیں ہے ممکناتِ زندگانی کی
جہاں کے جوہرِ مضمر کا گویا امتحاں تو ہے
جہانِ آب وگل سے عالمِ جاوید کی خاطر
نبوت ساتھ جس کو لے گئی، وہ ارمغاں تو ہے

ب) کیا میسر ان کو ہوتی راہِ راست
چال پر کب آپ کی کافر چلے
پھر رسائی کی رسا تقدیر نے
پھر مدینے ہو کے ہم زائر چلے

4. کسی ایک غزلیہ جز کی تشریح کریں۔ شاعر کا حوالہ دیں۔

الف) نہ دیکھا غمِ دوستاں شکر ہے
ہمیں داغ اپنا دکھا کر چلے
شفا اپنی تقدیر ہی میں نہ تھی
کہ مقدور تک تو دوا کر چلے

ب) شعلۂ حسن چمن میں نہ دکھایا اس نے
ورنہ بلبل کو بھی پروانہ بنایا ہوتا
صوفیوں کے جو نہ تھا لائقِ صحبت تو مجھے
قابلِ جلسۂ رندانہ بنایا ہوتا

5. اپنے چھوٹے بھائی کو خط لکھیں جس میں اسے معاشرے میں پھیلی ہوئی برائیوں سے بچنے کی تلقین کریں۔ (یا)

درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔

ماسٹر صاحب مجھ سے مخاطب ہوئے ''آسٹریلیا کہاں ہے؟'' ''جی جغرافیے کے پچاسویں صفحے پر۔'' ''جغرافیے میں نہیں، ویسے کہاں ہے؟'' ''جناب آسٹریلیا کرۂ ارض پر ہے۔'' ''اچھا حروفِ اضافت کیا ہوتے ہیں؟'' ''جناب حروفِ اضافت وہ ہوتے ہیں، جو اضافہ کرتے ہیں اور جنھیں پڑھ کر کچھ اور حروف یاد آ جاتے ہیں۔ مثلاً گھڑی ساز یوں معلوم ہوتا ہے جیسے زمانہ ساز ہو۔''

سوالات: i. ماسٹر صاحب نے مجھ سے کیا کہا؟
ii. آسٹریلیا کہاں ہے؟
iii. حروفِ اضافت کیا ہوتے ہیں؟
iv. اس اقتباس کے لیے موزوں عنوان تجویز کیجیے۔

edvision.edu.pk